# *Book Info*

| | |
|---|---|
| Subject | Islamic Studies |
| Title | Meri Islamiyat Ki Kitab Nursery |
| Author: | Miss Shumaila Shaukat<br>Miss Rahat Ibraheem |
| Pages: | 12 |
| Size: | 18 c.m. X 23.50 c.m. |
| Binding: | Cardboard |
| Printing: | 4 Colour |
| Ist Edition: | 2013 |
| Latest Edition: | 2013 |
| ISBN: | 978-969-584-105-1 |
| Price: | Rs. 40.00 |

# میری
# اِسلامیات کی کِتاب



نرسری جماعت کے لیے

مس شمائلہ شوکت
مس راحت ابراہیم

BOOK CENTRE

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

میرا نام ____________________ ہے۔

اب میں **نرسری جماعت** میں ہوں۔

یہ **میری اسلامیات کی کتاب** ہے۔

آیئے دیکھیں! اِس کتاب میں کون سا سبق کِس صفحے پر ہے۔


| | سبق | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1- | اللہ تعالیٰ | 3 |
| 2- | رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ | 4 |
| 3- | تعوذ | 5 |
| 4- | تسمیہ | 6 |
| 5- | دینِ اسلام | 7 |
| 6- | کلمہ طیّبہ | 8 |
| 7- | خانہ کعبہ | 9 |
| 8- | صفائی | 10 |
| 9- | سچ بولنا | 11 |
| 10- | پیاری دُعائیں | 12 |



# اللہ تعالیٰ

س: ہم سب کو کِس نے پیدا کیا؟

ج: ہم سب کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا۔

س: ہم کِس کی عبادت کرتے ہیں؟

ج: ہم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے ہیں۔

س: ہمیں روزی کون دیتا ہے؟

ج: ہمیں روزی اللہ تعالیٰ دیتا ہے۔

س: اللہ تعالیٰ کون ہے؟

ج: اللہ تعالیٰ ہمارا مالک ہے۔

س: ہوا کون چلاتا ہے؟


ج: ہوا اللہ تعالیٰ چلاتا ہے۔

س: اللہ تعالیٰ کہاں رہتا ہے؟

ج: اللہ تعالیٰ ہر جگہ موجود ہے۔

س: ہمیں کِس سے مدد مانگنی چاہیے؟

ج: ہمیں اللہ تعالیٰ سے مدد مانگنی چاہیے۔




س: ہمارا دین کیا ہے؟

ج: ہمارا دین اسلام ہے۔

س: دینِ اسلام کے ماننے والوں کو کیا کہتے ہیں؟

ج: دینِ اسلام کے ماننے والوں کو مسلمان کہتے ہیں۔

س: اسلام ہمیں کیا سیکھاتا ہے؟

ج: اسلام ہمیں نیکی کی باتیں سیکھاتا ہے۔

س: مسلمان ہر کام شروع کرنے سے پہلے کِس کو یاد کرتے ہیں؟

ج: مسلمان ہر کام شروع کرنے سے پہلے اللّٰہ تعالیٰ کو یاد کرتے ہیں۔

س: اسلام کیسا دین ہے؟

ج: اسلام ایک سچّا دین ہے۔

# كَلِمَہ طَيِّبَہ

س: پہلا کلمہ کون سا ہے؟

ج: کَلِمَہ طَيِّبَہ۔

س: طَيِّبْ کے کیا معنی ہیں؟

ج: طَيِّب کے معنی ہیں پاک۔

س: کَلِمَہ طَيِّبَہ کو اور کیا کہتے ہیں؟

ج: کلمۂ توحید کہتے ہیں۔

س: مسلمان کیسے بنتا ہے؟

ج: سچے دِل سے کَلِمَہ طَيِّبَہ پڑھنے سے۔

س: کَلِمَہ طَيِّبَہ سنائیے۔

ج: **لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ.**

اللّٰہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں

اور حضرت محمد (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ) اللّٰہ کے رسول ہیں۔